# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL
RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR
TERM- I ASSIGNMENT (Class: - 8th – Urdu)

جماعت آٹھویں　　　　اردو اے　　　　میقات اول

## سبق ۔ جابر بن حیان

الفاظ معنی کتاب سے کاپی پر لکھنا اور یاد کرنا۔

**سوال۔ جابر بن حیان کون تھے؟**

جواب۔ جابر بن حیان کیمسٹری کے پہلے سائنسدان تھے۔

**سوال۔ جابر بن حیان کی تعلیم و تربیت کہاں ہوئی؟**

جواب۔ جابر بن حیان کی تعلیم و تربیت کوفہ کے ایک مدرسے میں ہوئی۔

**سوال۔ جابر بن حیان کا کیا نام تھا اور وہ کیا کام کرتے تھے؟**

جواب۔ جابر بن حیان کا اصلی نام جابر تھا اور وہ کیمیا گری میں تجربے کرتے تھے۔

**سوال۔ جابر بن حیان نے کون سی چیزیں ایجاد کیں؟**

جواب۔ جابر بن حیان نے بہت سی نئی چیزیں ایجاد کیں جن سے لوگوں کو کافی فائدہ ہوا۔ مثلاً ٹھوس چیزوں کو بخارات میں بدلنے کا طریقہ دریافت کیا۔ دوائیوں کو محفوظ رکھنے کا طریقہ دریافت کیا۔ آکسیڈیشن کا طریقہ دریافت کیا جو لوہے کو فولاد میں بدلنے اور لوہے کو زنگ سے بچا سکتا ہے۔ جابر نے ہی معدنی تیزاب اور قلمی شورے کا تیزاب ایجاد کیا وغیرہ۔

**سوال۔ جابر کو بغداد آنے کی دعوت کس نے دی؟**

جواب۔ بغداد کے خلیفہ ہارون رشید نے جابر کو بغداد آنے کی دعوت دی۔

**سوال۔ خلیفہ ہارون رشید نے جابر کے ساتھ کیا سلوک کیا؟**

جواب۔ خلیفہ ہارون رشید نے جابر کو انعام و اکرام سے نوازا۔

**سوال۔ لیبارٹری کسے کہتے ہیں؟**

جواب۔ لیباٹری اس جگہ کو کہتے ہیں جس جگہ پر تجربات کیے جاتے ہیں۔

# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

TERM- I ASSIGNMENT (Class: - 8th – Urdu)

**سوال۔ نائیٹرک ایسڈ کو کس دھات کے برتن میں رکھا جا سکتا ہے؟**

جواب۔ نائیٹرک ایسڈ کو سونے اور شیشے کے برتن میں رکھا جاتا ہے۔

**سوال۔ جابر بن حیان کو علم کیمیا کا بابا آدم کیوں کہتے ہیں؟**

جواب۔ جابر بن حیان دنیا کا پہلا سائنس دان ہے جس نے علم کیمیا میں تجربات کو اہمیت دی۔اسلئے کوفہ کے اس سائنس دان کو علمی کیمیا یعنی کیمسٹری کا بابا آدم تسلیم کیا جاتا ہے۔

**سوال۔ ذیل کے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔**

**محاورے جملے۔**

فکر لاحق ہونا مجھے امتحان کی فکر لاحق ہو گئی ہے۔

بوجھ پڑنا میرے والد کے سر پر گھر کا سارا بوجھ پڑ گیا۔

کوٹ کوٹ کر بھرنا۔جابر بن حیان کے دماغ میں علم کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔

دھن سوار ہونا میرے سر پر کتابیں پڑھنے کی دھن سوار ہو گئی۔

بابا آدم ہم جابر بن حیان کو کیمسٹری کا بابا آدم کہا جاتا ہے۔۔

**سوال۔ سوچیے اور ذیل کے جملوں کو پورا کیجئے۔**

**مثال۔** ایجاد کرنے والے کو موجد کہتے ہیں۔

جوابات۔ کیمیا گر کہتے ہیں۔

عطار کہتے ہیں۔

صابر کہتے ہیں۔

رنگ ساز کہتے ہیں۔

شیشہ گر کہتے ہیں۔

لوہار کہتے ہیں۔

معلم یا استاد کہتے ہیں۔

طالب علم کہتے ہیں۔